ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (167)

مورخہ 27.03.24

**بہاولپور (          ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کی زیرِ صدارت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ، کرائم کو کنٹرول اور منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کے سخت احکامات، عوام کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ اور پبلک سروس ڈیلیوری پر بھرپور توجہ دی جائے، موت بانٹنے والے پتنگ فروشوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، ڈی پی او اسد سرفرار خان**

تفصیلات کے مطابق وزیرِاعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ کے ہمراہ ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کی ۔میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ میرے دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ روزانہ کی پراگرس چیک کی جائے گی۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد اور جنسی زیادتی کے کیسز کو گھنٹوں میں حل کیا جائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔ زیرِ تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے، اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں اور گشت کے نظام کو موثر بناتے ہوئے پتنگ فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔جس ایس ایچ او کے علاقہ میں پتنگ بازی یا پتنگ فروشی کی سامنے آئی تو وہ اپنے آپ کو احتساب کے لئے تیار رکھے۔میٹنگ کے آخر میں ڈی پی او نے تمام ایس ایچ اوز کو موٹرسائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کو یقینی بنانے، درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے، مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے متعلقہ افسران کو ٹاسک سونپے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے آفس میں ضلع میں امن وامان کے قیام اور کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے سے پولیس افسران سے میٹنگ کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (168)

27.03.24

# بہاول پور( )آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس اور ٹریفک اسسٹنٹ کی بھرتی کے چوتھے مرحلے میں انٹرویوز کا عمل جاری ہے۔محنت، قابلیت اور میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواران ہی پولیس میں بھرتی ہونے کے اہل ہونگے،چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ

تفصیلات کے مطابق بھرتی برائے کانسٹیلان/لیڈی کانسٹیلان وٹریفک اسسٹنٹ 2024 کے حوالے سے پنجاب پولیس اور ٹریفک پولیس میں بھرتی کے لئے پہلے تمام مراحل میں کامیاب امیدواران کی سکروٹنی کے بعد پولیس لائینز بہاولپور میں انٹرویوز کا عمل شروع ہے۔ 713 امیدواران جو تحریری امتحان میں پاس ہو چکے ہیں ان کا مرحلہ وار دو یوم میں پولیس لائینز بہاولپور میں انٹرویو کا عمل جاری ہے۔تمام مراحل پولیس افسران پر مشتمل بورڈ کی زیرنگرانی مکمل کئے جا رہے ہیں۔ آفیسران میں چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ خرم شکور DIG،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان، ایس ایس پی رائے اجمل، ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدی حافظ و دیگر افسران شامل ہیں۔چیئرمین بورڈ نے امیدواران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھرتی کے تمام مراحل میرٹ پر مکمل کیے جا رہے ہیں۔ ہر ممکن کوشش کی گئی ہے کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور بھرتی کے لیے صرف وہی امیدوار اہل ہوگا جو میرٹ پر پورا اترے گا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس میں بھرتی ہونے کے لیے کسی قسم کی سفارش یا رشوت کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ کو کسی بھی شخص نے بھرتی کروانے کیلئے بدعنوانی کی ہے تو ایسے عناصر کی فوری طور پر ہمیں نشاندہی کریں تاکہ ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا سکے اور ایسے افراد کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔بھرتی کے عمل کو شفاف بنانے کے لئے ہر مرحلے کی ویڈیو ریکارڈنگ کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ شفافیت کے عمل کو برقرار رکھا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:۔آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس اور ٹریفک اسسٹنٹ کی بھرتی کے چوتھے مرحلے میں انٹرویوز کا عمل جاری ہے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (169)

27.03.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے پولیس لائینز بہاولپور میں محافظ اسکارڈ کا افتتاح کردیا۔محافظ اسکارڈ کے موثر گشت سے سٹریٹ کرائم میں کمی واقع ہوتی ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ڈسٹرکٹ پولیس لائینز میں محافظ موٹرسائیکل اسکارڈ کا افتتاح کیا۔ڈی پی او نے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس فورس کا مقصد ضلع میں کرائم کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رسپانس کرنا اور خاص طور پر سٹریٹ کرائم پر قابو پانا ہے۔سٹی ایریا میں ڈولفن فورس کے جوان محنت اور مستعدی سے کام کررہے ہیں،محافظ اسکارڈ کے جوان بھی ان کے ساتھ کام کریں گے،جس سے امن وامان کے قیام اور سٹریٹ کرائم کو روکنے میں مزید مدد ملے گی۔محافظ اسکارڈ ضلع بھر کے تھانہ جات میں تعینات کیے جارہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اولین ترجیح ہے،پولیس کی جانب سے کریمینل کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی ہے۔ڈی پی او نے محافظ اسکارڈ کے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ خوش اسلوبی سے پیش آئیں،گشت کو موثر بنائیں اور ایسے اقدامات کریں کہ عوام میں پولیس کا امیج بہتر ہو اور امید کرتا ہوں کہ آپ عوام اور محکمہ کی توقعات پر پورا اتریں گے۔افتتاح کے موقع پر اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے پولیس لائینز بہاولپور میں محافظ اسکارڈ کا افتتاح کردیا